2019 年 5 月 10 日ジャング紙ラホール版 12 面

شادی جھانسہ کیس لاہور سے 11 چینی اور دو پاکستانی باشندے گرفتار

13 ملزمان کا 2 روزہ جسمانی ریمانڈ

متاثرہ شخص نزیر احمد کی درخواست پر ایف آئی اے نے جوہر ٹاؤن میں چھاپہ مار کر چینی باشندوں کی گرفتاریاں کیں

لاہور (نیوز رپورٹر) ایف آئی اے نے جوہر ٹاؤن لاہور میں کارروائی کرتے ہوئے پاکستانی خواتین کو شادی کا جھانسہ دینے والے مزید 11 چینی اور 2 پاکستانی باشندوں کو گرفتار کرلیا جبکہ دوسری طرف مقامی عدالت لاہور نے 13 ملزمان کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے کردیا۔ تفصیلات کیمطابق گزشتہ روز ایف آئی اے نے جوہر ٹاؤن لاہور میں کارروائی کرتے ہوئے پاکستانی خواتین کو شادی کا جھانسہ دینے والے مزید 11 چینی اور 2 پاکستانی باشندوں کو گرفتار کرلیا جبکہ چینی باشندوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق چینی نوجوان مسیح خواتین کے ساتھ جال سازی کے ساتھ شادیاں کرتے تھے اور ملزمان لڑکیوں کے جسم کے اعضاء بھی نکالتے تھے، چندروز قبل نزیر احمد کی بیٹی چین سے پاکستانی ہائی کمیشن اور چین کی مداخلت پر واپس آئی ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق متاثرہ شخص نزیر احمد کی درخواست پر ایف آئی اے نے جوہر ٹاؤن میں چھاپہ مار کر چینی باشندوں کی گرفتاریاں کیں، نزیر احمد کی بیٹی کو ملزمان چین لے جا کر جسم فروشی کا دھندہ کرواتے تھے، ملزمان کے ایجنٹوں نے میرج بیورو بنائے ہوئے تھے اور اپنے ایجنٹوں کے ذریعے معصوم شہریوں کو پیسوں کا جھانسہ دے کرانسے شادیاں کرواتے تھے۔ دوسری طرف مقامی عدالت لاہور نے پاکستانی لڑکیوں سے جعلی شادی کرکے جسم فروشی جیسے مکروہ دھندے کیلئے استعمال کیے جانے کے الزام میں گرفتار 11 چینی باشندوں اور 2 پاکستانی سمیت 13 ملزمان کو 2 روزہ جسمانی ریمانڈ پر ایف آئی اے کے حوالے کرتے ہوئے 11 مئی کو دوبارہ عدالت پیش کرنے کا حکم دے دیا۔